نقد و نظر

برگِ گُل (تعلیمی پالیسی نمبر)

مجلہ گورنمنٹ اردو کالج - کراچی

صفحات : ۳۸۴

"برگِ گُل (مجلہ گورنمنٹ اُردو کالج - کراچی - ۱۹۷۴ - ۱۹۷۵ء) کا تعلیمی پالیسی نمبر پیش نگاہ ہے۔ پروفیسر محمد خلیل اللہ پرنسپل اس کے سرپرست، پروفیسر محمد ایوب قادری نگران، امتیاز حسین مفتی مدیرِ اعلیٰ اور محمد ذاکر نسیم مدیر ہیں۔ یہ خاص نمبر اردو کالج کی سلور جوبلی کے موقع پر اشاعت پذیر ہوا ہے اور معلوماتی و تاریخی مضامین کا مجموعہ ہے۔ فہرستِ مندرجات خاصی وسیع ہے، جس میں وزیرِ اعظم بھٹو کا مضمون "پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی" اور وزیرِ تعلیم پیرزادہ عبدالحفیظ کی تقریر بھی شامل ہے۔ علاوہ ازیں پروفیسر رحمت اللہ فرخ آبادی، ڈاکٹر ممتاز حسن، پروفیسر عبدالمجید، محمد ذاکر نسیم، پروفیسر سید مجتبیٰ حسین، سید مصطفیٰ علی بریلوی، ابوبکر احمد حلیم، مولوی حفیظ اللہ پھلواروی، ڈاکٹر سید عبداللہ، مفتی انتظام اللہ شہابی، پیر حسام الدین راشدی، پروفیسر محمد ایوب قادری، ڈاکٹر محمد ریاض، خواجہ حمید الدین شاہد، پروفیسر خلیق الزمان، پروفیسر محمود حسین صدیقی، حافظ عبدالرحمٰن امرتسری، ڈاکٹر محمد اسلام، ملا واحدی، پروفیسر انعام الرحمٰن، مسعود حسن شہاب، سید الطاف علی بریلوی، علی محسن صدیقی، محمد دین کلیم، محمد نسیم فاروقی، محمد اقبال مجددی اور ڈاکٹر انیس خورشید وغیرہ متعدد حضرات اہلِ قلم کے مضامین شاملِ اشاعت ہیں۔ جن کے چند عنوان یہ ہیں:

رسولِ اکرمؐ کا نظامِ تعلیم و تربیت، ہماری تعلیمی پالیسی، شاہ عبداللطیف بھٹائی کے تعلیمی نظریات، سندھ مدرسۃ الاسلام، نجی کالجوں سے قومی تحویل تک، سندھ کی